رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

اردو (لازمی) 219 - (انٹرپارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) ( پہلا گروپ ) کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

بے رنگیوں میں خالقِ شام و سحر رہیں شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرمِ سفر رہیں
محفل میں انقلاب ، شبستاں میں اِنقلاب شہروں میں انقلاب ، بیاباں میں اِنقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو
عید نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ
تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے جُجن کے ساتھ ایسی بے تکلفی کی کہ اپنا حال جزو وکل اس سے کہہ دیا اور جُجن نے باتوں ہی باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل جُجن بیٹھی رہی۔ رخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت منت کی کہ اچھی بی جُجن، اب کب آؤ گی؟ جُجن نے کہا : ”میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔ اس کے دوا معالجے سے فرصت کم ہوتی ہے۔ مگر ان شاءاللہ دوسرے تیسرے تم کو دیکھ جایا کروں گی۔“

(ورق الٹیے)

3۔ (ب) مولوی نذیر احمد علی گڑھ کے لیے چندہ اگاہنے کے سلسلے میں بہت کارآمد آدمی تھے، اس لیے جہاں تک ممکن ہوتا سرسید انھیں اپنے دوروں میں ساتھ رکھتے اور ان سے تقریریں کراتے۔ نذیر احمد کی قوتِ تقریر کے متعلق کہا جاتا تھا کہ انگلستان کا مشہور مقرر برک بھی اُن سے زیادہ مؤثر تقریر نہیں کر سکتا تھا۔ اب بھی اگلے وقتوں کے لوگ، جنھوں نے مولوی صاحب کے لیکچر سنے ہیں، کہتے ہیں کہ یا تو ہم نے ڈپٹی صاحب کو دیکھا یا اب اخیر میں بہادر یار جنگ مرحوم کو دیکھا کہ سامعین پر جادو سا کر دیتے اور جو کام ان سے چاہتے لے لیتے۔ جب چاہا انھیں ہنسا دیا اور جب چاہا ان کی جیبیں خالی کرا لیں اور عورتوں کے زیور تک اتروا لیا کرتے تھے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,9

(الف) پہلی فتح۔ (ب) ایوب عباسی۔

5۔ مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(الف) میرا پسندیدہ مشغلہ۔ (ب) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات۔

(ج) دہشت گردی: اِک ناسور۔

7۔ تاریخی مقام کی سیر کے احوال پر مبنی، اپنے دوست کے نام خط تحریر کیجیے۔ 10